رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الحدیث الشریف+التصوف**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: "عشر حسنات" کا معنی کیا ہے؟

(الف) دس نیکیاں (ب) دس برائیاں (ج) دس اچھائیاں (د) دس خامیاں

سوال نمبر 2: "سبع مائة" کا معنی کیا ہے؟

(الف) سات سو (ب) ساڑھے سات سو (ج) سوا سات سو (د) پونے سات سو

سوال نمبر 3: نیکی کا ارادہ کرکے نیکی نہ کرنے والے کے لئے کتنی نیکیاں لکھی جاتی ہیں؟

(الف) 0 (ب) 1 (ج) 10 (د) 100

سوال نمبر 4: "میں نے تیرا بوسہ اس وجہ سے لیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے تیرا بوسہ لیا تھا" حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے یہ کس کو کہا تھا؟

(الف) خانہ کعبہ (ب) حجر اسود (ج) گنبد خضراء (د) جبل رحمت

سوال نمبر 5: نبی کریم ﷺ نے "خیر الحدیث" کس کو فرمایا؟

(الف) سچی بات (ب) کتاب اللہ (ج) سنت (د) حدیث

سوال نمبر 6: بندے کے مرنے کے بعد کتنے عمل جاری رہتے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

سوال نمبر 7: "فانطلق و حملا حوتا" میں "حوت" کا معنی کیا ہے؟

(الف) روٹی (ب) سالن (ج) مچھلی (د) گوشت

سوال نمبر 8: روایت کے مطابق "شطر الایمان" مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) الصلوة (ب) الطهارة (ج) الصوم (د) الزکوة

سوال نمبر 9: وضو کے بعد "اشهد ان لا اله الا الله۔۔۔ الخ" کہنے والے کے لئے جنت کے کتنے دروازے کھولے جاتے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 8 (د) 6

سوال نمبر 10: "الروحاء" مدینے سے۔۔۔ میل کی مسافت پر واقع ہے۔

(الف) 30 (ب) 32 (ج) 33 (د) 36

سوال نمبر 11: "الجمل الاحمر" کا معنی کیا ہے؟

(الف) سرخ اونٹنی (ب) سرخ اونٹ (ج) سرخ گائے (د) سرخ گھوڑا

سوال نمبر 12: نبی کریم ﷺ نے کون سی چیز کھا کر مسجد میں جانے سے منع فرمایا ہے؟

(الف) البصل (ب) الثوم (ج) الکرات (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر 13: ۔۔۔ کے احکام کافر اصلی کے احکام سے بھی زیادہ سخت ہیں۔

(الف) عیسائی (ب) یہودی (ج) مرتد (د) مشرک

سوال نمبر14: شرک کس کی قسم ہے؟

(الف) عیسائیت (ب) کفر (ج) ارتداد (د) یہودیت

سوال نمبر15: 41 مرتبہ "یاحی یاقیوم لا الہ الا انت" پڑھنے والے کا دل زندہ رہے گا اور خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ یہ وظیفہ کب کرنا ہے؟

(الف) دوپہر (ب) صبح (ج) رات (د) شام

سوال نمبر16: ۔۔۔ کی خرابی عمل کی خرابی سے کہیں زیادہ بری ہے۔

(الف) نماز (ب) عقیدے (ج) روزے (د) حج

سوال نمبر17: سلام کرتے وقت ۔۔۔ تک جھکنا حرام ہے؟

(الف) حد رکوع (ب) حد سجدہ (ج) حد قومہ (د) حد جلسہ

سوال نمبر18: ﴿وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ﴾ میں "رکوع" سے کیا مراد ہے؟

(الف) رکوع (ب) نماز (ج) ایمان (د) سجدہ

سوال نمبر19: شرائط پائی جائیں تو روزہ توڑنے پر ۔۔۔ روزے رکھنا ہوں گے۔

(الف) 3 (ب) 10 (ج) 60 (د) 30

سوال نمبر20: ریاء کے لغوی معنی ۔۔۔ کے ہیں۔

(الف) سنانے (ب) جتلانے (ج) دکھاوے (د) غصہ کرنے

سوال نمبر21: مہلکات کے بارے میں ضروری احکامات کا جاننا مسلمان کے لئے ۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض عین (ب) فرض کفایہ (ج) واجب عین (د) واجب کفایہ

سوال نمبر22: ظاہری مہلکات کی تعداد باطنی مہلکات کے مقابلے میں ۔۔۔ ہے۔

(الف) تھوڑی (ب) بہت کم (ج) بہت زیادہ (د) کچھ بھی نہیں

سوال نمبر23: مہلکات کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر24: معاہدہ کرنے کے بعد اس کی خلاف ورزی کرنا ۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) خیانت (ب) بدعہدی (ج) مکر (د) قسوۃ

سوال نمبر25: خود کو افضل دوسروں کو حقیر جاننے کا نام ۔۔۔ ہے۔

(الف) خیانت (ب) تکبر (ج) مکر (د) قسوۃ